Serial No. of Answer Book

KT-XII-14(A)

# اُردو ایڈوانس (بارہویں)

Roll No.

Fic No. ____________

---

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic No. ____________

وقت: 3 گھنٹے | کل نمبرات: 100

نوٹ: اس پرچے کے تین سیکشن ہیں۔ سیکشن الف، ب اور ج۔ سیکشن الف کو مقررہ وقت کے اندر حل کر کے سپرنٹنڈنٹ صاحب کے حوالے کر دیں۔

## سیکشن "الف"

وقت: 20 منٹ | نمبر: 20

سوال 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) نبی کریمؐ کی سوانح مبارک لکھنے کا فن ------- کہلاتا ہے۔
الف) شخصیت نگاری ب) خاکہ نگاری ج) سیرت نگاری د) سفرنامہ نگاری

(ii) چراغ حسن حسرت کا سبق ------- شامل نصاب ہے۔
الف) تعصب ب) رشتہ ناتا ج) اقبال د) ظفر علی خان

(iii) مولوی عبدالحق ------- کے قصبے ہاپوڑ میں 1870ء میں پیدا ہوئے۔
الف) دہلی ب) لکھنو ج) کلکتہ د) میرٹھ

(iv) میرن صاحب جوانی میں ضرور ------- ہونگے۔
الف) غریب ب) متکبر ج) حسین د) امیر

(v) سرسید احمد خان کی زندگی کا اہم مشن ------- کے بعد شروع ہوا۔
الف) جنگ آزادی ب) آزادی ج) غلامی د) ہجرت

(vi) انسان کی بدترین خصلتوں میں سے ------- بھی ایک بدترین خصلت ہے۔
الف) جھوٹ ب) تعصب ج) تکبر د) اسراف

(vii) مثل مشہور ہے کہ بڑا بھائی ---- برابر
الف) چچا ب) دادا ج) باپ د) دوست

(viii) آبی آلودگی کا ایک بڑا سبب ---- کا پانی ہے۔
الف) بارش ب) سیلاب ج) گٹر د) تالاب

(ix) مصر کا دارالسلطنت ------ ہے۔
الف) قاہرہ ب) ریاض ج) دوبئی د) مدینہ

(x) اہرام وہ مینار ہیں جو ------ سے پہلے موجود تھے۔
الف) جدید ب) قدیم ج) طوفانِ نوح د) فرعون

(xi) دنیا کا سب سے بڑا شہر ------ ہے۔
الف) لاہور ب) میکسیکو ج) نیویارک د) واشنگٹن

(xii) سبق "تنہائی" بنیادی طور پر ------ ہے۔
الف) ڈرامہ ب) ناول ج) افسانہ د) انشائیہ

(xiii) مجھے ---- کی یہ ساری ادائیں پسند ہیں۔
الف) فطرت ب) محبوب ج) ہجرت د) شائستہ

(xiv) اسداللہ خان غالب ۱۷۹۷ء میں ----- میں پیدا ہوئے۔
الف) دہلی ب) لکھنو ج) آگرہ د) لاہور

(xv) مثنوی میں اشعار کی ---- مقرر نہیں ہوتی ہے۔
الف) معیار ب) مقدار ج) تعداد د) اوقات

(xvi) مثنوی ------ میر حسن نے لکھی۔
الف) گلزار نسیم ب) گل بکاؤلی ج) کدم راؤ د) سحرالبیان

(xvii) غزل کے پہلے شعر کو ---- کہا جاتا ہے۔
الف) مطلع ب) مقطع ج) ردیف د) قافیہ

(xviii) میر تقی میر کا ہر شعر ایک ---- ہے۔
الف) مصرع ب) آنسو ج) گھر د) لاجواب

(xix) آتش نے دہلوی شاعر ---- کی شاگردی اختیار کی۔
الف) غالب ب) مصحفی ج) سودا د) میر حسن

(xx) بہادر شاہ ظفر کا مزار ---- میں ہے۔
الف) کلکتہ ب) رنگون ج) اصفہان د) دہلی

Result.pk

KT-XII-14(A)

# اُردو ایڈوانس (بارہویں)

کل نمبر:80 وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن "ب" نمبر: 50

سوال 2 مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے (دس) اجزاء حل کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) آپؐ کے ذہن میں کس قسم کے معاشرے کی تشکیل کا نقشہ اُبھر رہا تھا؟

(ii) مولانا ظفر علی خان اخبار کی اشاعت میں کن باتوں کا خیال رکھا کرتے تھے؟

(iii) مصنف رشید احمد صدیقی نے علامہ اقبال سے کیا سوال کیا اور علامہ نے کیا جواب دیا؟

(iv) سر سید احمد خان کی چند کتابوں کے نام لکھیں؟

(v) اتفاق اور یک دلی کے فوائد بیان کیجئے۔

(vi) ماحول کی آلودگی سے کیا مراد ہے؟

(vii) مصنف "مشکور حسین یاد" نے تنہائی کو ایک آئینہ کیوں کہا ہے؟

(viii) وزیر آغا نے ہجرت کے کیا فوائد بتائے ہیں؟

(ix) غالب نے اپنے خط میں دہلی کی تباہی کا جو حال لکھا ہے اسے اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

(x) میر حسن نے بدر منیر کا جو سراپا بیان کیا ہے۔ اسے تحریر کریں؟

(xi) بکاؤلی کو کس طرح معلوم ہوا کہ پھول لے جانے والا انسان ہے؟

(xii) منقبت اور ہجو میں بنیادی طور پر کیا فرق ہے؟

(xiii) آتش نے ساری عمر کسی دربار سے کیوں تعلق پیدا نہ کیا؟

## سیکشن "ج" نمبر: 30

سوال 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کا مطلب آسان اردو میں لکھیں۔ 10

الف) آپؐ ملک کے اندر اور باہر جہاں بھی گئے عورت کو اپنی محبوبیت اور جاذبیت کے باوجود محکوم وغلام ہی دیکھا وہ نہ صرف اپنے حقوق سے محروم تھی بلکہ اسے تو اپنے بنیادی حقوق تک کا علم وشعور نہ تھا۔ وہ منڈیوں میں بکتی تھی۔

ب) اگر تم اپنے ماں باپ سے خود سر رہے تو عجب نہیں کی تمہاری اولاد بھی تم سے سرکش رہے۔ اس وقت نہ عقل مندوں کے نزدیک نہ خدائی جناب میں کہیں تمہارا دعویٰ پیش کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ تم نے اپنے بزرگوں سے کیا سلوک کیا۔

سوال 4 کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر و نظم تشریح لکھیں۔ 10

الف) تری نگاہ کے جادو بکھرتے جاتے ہیں
جو زخم دل کو ملے وہ بھرتے جاتے ہیں
ترے بغیر وہ دن بھی گزر گئے آخر
ترے بغیر یہ دن بھی گزرتے جاتے ہیں

ب) یاد کرنا ہر گھڑی اُس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دل بیمار کا
آرزوئے چشمہ کوثر نہیں
تشنہ لب یوں شربت دیدار کا

سوال 5 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔ 10

(الف) داغ کی غزلوں میں واسوخت کا رنگ ہے لیکن یہ اشعار صرف واسوخت نہیں۔ تبصرہ کریں۔

(ب) میر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیں۔

☆☆☆

Result.pk